4822CH18

ابرِ بہار



مستی لُٹا رہی ہیں بڑھتی ہوئی گھٹائیں
جنگل سے آ رہی ہیں کیا مد بھری ہوائیں
اس دَور کی ہوا کو
نیرنگیِ فَضا کو
مے کا اثر دیا ہے
ابرِ بہار تو نے!
رنگیں ہے صحنِ گلشن صحرا زمرّدیں ہے
ہر شاخ گل بدَامن شبنم سے گوہریں ہے
گلشن کو ، جنگلوں کو
کھیتوں کو ، وادیوں کو
گنجِ گُہر دیا ہے
ابرِ بہار تو نے



© NCERT
not to be republished



دنیائے رنگ و بو ہے اپنی مہک پہ نازاں
سبزہ کنارِ جُو ہے اپنی لہک پہ نازاں
سرو سمن بھی دِل کش
خاکِ چمن بھی دِل کش
سب کچھ مگر دیا ہے
ابرِ بہار توٗ نے
آنے کو یوں بھی آتی فصلِ بہار لیکن
یہ لُطف کب دکھاتی ابرِ بہار تُجھ بِن
کُہسار کو ، چمن کو
ہر منظرِ کُہن کو
شاداب کر دیا ہے
ابرِ بہار توٗ نے!

(تلوک چند محرومؔ)

© NCERT not to be republished

مشق

1 معنی یاد کیجیے:

ابُر	:	بادل
مَدبھری	:	نشیلی، مدہوش کرنے والی
نیرنگی	:	رنگا رنگی، نئے نئے رنگ ہونا
مے	:	شراب
صحرا	:	ریگستان، جنگل
زمرّد دیس	:	سبز رنگ کا
بدامن	:	دامن میں
گوہر دیس	:	موتیوں سے بھرا ہوا
گنجِ گہر	:	موتیوں کا خزانہ
دنیائے رنگ و بو	:	رنگ اور خوشبو کی دنیا
کنارِ جُو	:	نہر کا کنارہ
نازاں	:	ناز کرنے والا، فخر کرنے والا
سرو	:	ایک سیدھا اور اونچا درخت
سمن	:	چمیلی
کہسار	:	پہاڑ
کہن	:	پرانا

© NCERT not to be republished

شاداب : تروتازہ، ہرابھرا

فصل : موسم

2 نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیے:

کُہَن بَدَامن زَمُرّدیں فضَا گُنجِ گُہر سَروسَمن

3 سوچیے اور بتایئے:

(i) ابر بہار کے آنے سے ہمارے ماحول میں کیا تبدیلی آتی ہے؟

(ii) گلشن، جنگل، کھیت اور وادی کو ابر بہار نے کیا عطا کیا ہے؟

(iii) ابرِ بہار کی وجہ سے فصلِ بہار کے لطف میں اِضافہ کیوں ہوگیا ہے؟

(iv) شاعر نے صحرا کو زمردیں کیوں کہا ہے؟

4 نظم سے تلاش کرکے ہرلفظ کے سامنے اس کا ہم قافیہ لفظ لکھیے:

گھٹائیں .... لٹارہی ہیں ....

زمرّدیں .... مہک ....

ادا .... فضا ....

5 نیچے دیے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

شاداب لطف مہک گلشن رنگ

6 'ابرِ بہار' کی طرح ترکیبِ اضافی کی پانچ اور مثالیں نظم سے تلاش کرکے لکھیے۔

© NCERT not to be republished